اس طلسم کے خاص فوائد میں یہ بات شامل ہے کہ وہ نحس کواکبی سحری، جادو یا دیگر اثرات جو عرصہ دراز سے فرد پر طاری ہوں ان کا مداوا کیا جا سکتا ہے۔ ایسی نحوستیں جو طویل عرصہ سے فرد کو متاثر کر رہی ہیں اور علاج کی کوئی صورت سامنے نہ آتی ہو اس کے علاج کے لیے موثر ہے۔ ساڑھ ستی اور نحوست زحل کے خاتمہ کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ بڑی عمارتیں جیسا کہ پلازے یا ملٹی سٹوری بلڈنگیں یا بڑے بڑے گھر یا بڑے حویلی نما مکان یا شاندار جگہ وغیرہ جو سب کی نظر میں آئے' ان کو رد بلا اور سحری و نحس اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ طلسم استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بڑی عمر کے افراد یا بڑی عمر اور صاحب حیثیت افراد کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ افراد جو کسی مزمن مرض کا شکار ہوں ان کے لیے بھی یہ طلسم موثر و مفید ثابت ہوگا۔ یہ طلسم خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بھی بہت موثر اور ہر لحاظ سے سود مند ہے جو علوم مخفی کے حصول میں سرگرداں ہیں۔ عملیات' نجوم' سحر' پامسٹری' جفر' رمل' حاضرات اور ایسے تمام علوم سے متعلق لوگوں کے لیے یہ طلسم ان کی روحانی اور مخفی قوتوں کو ترقی دینے اور ان کی قوت و علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اور وہ لوگ جو اپنی ذات یا ادارہ کو دوسرے لوگوں کی نظر میں موثر و معتبر بنانے کے خواہش مند ہیں ان کو بھی اس قدیم اور خفیہ طلسم کی قوتوں سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

هدیه الواح سهه جهتی سعبه کواکب

	کاغذ		تانبا		چاندی	
	عموی	خصوصی	عموی	خصوصی	عموی	خصوصی
فی طلسم	1600	2700	2000	3000	3000	4000
کواکب کا اکٹھا	4500	5500	6500	8000	11000	16000

نقش زحل نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور ان کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ زحل ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقوش پیش کیے جارہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ہر کوکب سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے۔ تاکہ آپ اگر کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پینے کے لیے دی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فلیتہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جاسکتا ہے، جو کہ سحر، ردنظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہوسکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی اپنی سمجھ اور ضرورت کے مطابق اِن نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کرسکتا ہے۔ سو سب سے پہلے زحل سے منسوب نقش زحل نورانی اور پھر تکسیر زحل نورانی دی جارہی ہے۔

تکسیر زحل

اال ب م ج ص د ر ا ک ب ھ ج ی د ع اط ب ہ ج س د ح اق ب ن ج
ج ان اب ل ق ب ام ح ج د ص س د ج ر ہ اب ک ط ب اھ ع ج د ی
ی ج د اج ن ع اھ ب ال ب ق ط ب ک اب م اح ہ ج ر د ج ص د س
س ی د ج ص د ج اد ج ر ن ج ع ہ اح ھ اب م اب ل اب ک ق ب ط
ط س ب ی ق د ک ج ب ص اد ل ج ب اا د م ج ب ر ان ھ ج ح ع اہ
ہ ط اس ع ب ح ی ج ق ھ د ن ک اج ر ب ب ص ج ام ذ د ل اج اب
ب ہ اط ج اا س ل ع د ب د ح م ی اج ج ق ص ھ ب د ب ن ر ک ج ا
اب ج ہ ک ا ر ط ن ج ب اد اب س ھ ل ص ع ق د ج ب ج د اح ی م
م ای ب ح ج اہ د ک ج اب ر ج ط د ن ق ج ع ب ص ال د ھ اس ب
ب م س اا ی ھ ب د ح ل ج اا ص ہ ب د ع ک ج ج ق ان ب د ر ط ج
ج ب ط م ر س د اب ان ی اھ ق ب ج د ج ح ک ل ع ج د اب اہ ص
ص ج ہ ب اط ب م ا ر د س ج د ع ال ب ک اح ن ج ی د اج ھ ب ق
ق ص ب ج ھ ہ ج ب اا د ط ی ب ج م ن اح ر اد ک س ب ج ل د اع
ع ق اص د ب ل ج ج ھ ب ہ س ج ک ب د اا ر د ح ط ای ن ب م ج
ج ع م ق ب ان ص ی د اب ط ل ح ج د ج ر ھ اب اہ اس د ج ب ک
ک ج ب ع ج م د ق س ب اا ہ ن اص ب ی اد ھ ا ر ب ج ط د ل ج ح
ح ک ج ج ل ب د ع ط ج ج م ب د ر ق اس ھ ب د اا ای ہ ب ن ص ا
اح ص ک ن ج ب ج ہ ل ی ب اد اع اط د ج ب ج ھ م س ب اد ق ر
ر اق ح د ص ا ک ب ن س ج م ب ھ ج ج ہ ب ل ج ی د ب ط اا د ع ا
ا ر ع اد ق اح اد ط ص ب اد ک ی ب ج ن ل س ب ج ہ م ج ب ج ھ
ھ اج ر ب ع ج ام د ہ ق ج اب ح س ال د ن ط ج ص ب ب ی ا ک د
د ھ ک اا ج ی ر ب ب ع ص ج ج اط م ن د د ہ ل ق اج س اح ب
ب د ح ھ ا ک س اج اا ج ق ی ل ر ہ ب د ب د ب ن ع م ص ط ج اج
ج ب اد ج ح ط ھ ص ام ک ع س ن اب ج د اب اد ج ب ق ہ ی ر ل
ل ج ر ب ی اہ د ق ج ب ح ج ط د ھ اص ب اا م د ک ج ع ب س ان
ن ل اج س ر ب ب ع ی ج ا ک ہ د د م ق اج اب ب ح ص ج اط ھ د
د ن ھ ل ط اا ج ج س ص ر ح ب ب ب ب ع ای ج ج اا ق ک م ہ د د
د د ن ہ ھ م ل ک ط ق اااا ج ج ج س ی ص ا ر ع ح ب ب ب ب
ب د ب د ب ن ح ہ ع ھ ر م ال ص ک ی ط س ق ج اج اج ا
اب ج د اب ج د اب ج ن ق ح س ہ ط ع ی ھ ک ر ص م ل ا
اال ب م ج ص د ر ا ک ب ھ ج ی د ع اط ب ہ ج س د ح اق ب ن ج

چال و نقش زحل

چال

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ا ب ج د				یا اللہ
ا	۵۵۰۸	۵۵۰۴	۵۴۹۷	۵۵۱۱	ا
ب	۵۴۹۸	۵۵۱۰	۵۵۰۹	۵۵۰۳	ب
ج	۵۵۱۳	۵۴۹۹	۵۵۰۲	۵۵۰۶	ج
د	۵۵۰۱	۵۵۰۷	۵۵۱۲	۵۵۰۰	د
یا اللہ	ا ب ج د				یا اللہ

ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کوکب کا شرف یا اوج ہو اس کی ہی ساعت میں عمل تیار کرنا مفید ہوتا ہے تاہم اگر نجوم کی سمجھ ہو تو دیگر ساعتوں میں بھی کام کیا جاسکتا ہے۔ تاہم متعلقہ کوکب کی ساعت میں کام کرنا آسان اور محفوظ راستہ ہے۔

بخور و خوشبو

رال، میعہ سائلی، مرچ سیاہ، رال لوبان، دارچینی، زعفران، عود، خس اور

باقی صفحہ 44 پر.........

قسط نمبر 14

طب نبوی

اکرام الدین

قسم کے وہم سے ہزاروں مسلمان گمراہ ہو جاتے ہیں اور وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ اسلام کی وجہ سے ہم پر تنگی آئی ہے۔ حالانکہ وہ شیطانی اثر ہوتا ہے۔

زخم اور پھوڑے پھنسی کی دعا

علاج:

اگر کسی شخص کے کسی قسم کا زخم یا پھوڑا پھنسی ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ اول شہادت کے انگلی زمین پر رکھے اور پھر اُٹھا کر اس زخم پر رکھے اور یہ دُعا پڑھے:-

بسم الله تربة ارضنا بريقة بعضنا يشفي سقيمنا باذن ربنا.

شروع اللہ کے نام سے زمین کی مٹی ہم میں سے کسی کے تھوک کے ساتھ مل کر ہمارے رب کے حکم سے شفا بخشتی ہے۔

ہر روز یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تندرست ہو جائے گا۔ مسلم اور دوسری کتابوں میں حضرت عائشہؓ سے یہ روایت درج ہے اور بعض دوسری احادیث میں ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ میں جب سے مسلمان ہوا ہوں اس وقت سے میرے بدن میں درد رہتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر تین بار بسم اللہ اور سات بار اعوذ بالله وقدرته من شر ما اجد و احاذر پڑھو۔

فائدہ:

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب انسان اچھی راہ اختیار کرتا ہے تو بعض اوقات شیطان بیماری کی شکل میں جسم انسانی میں گھس جاتا ہے، تا کہ وہ شخص پھر اسی طرح گمراہ ہو جائے لیکن اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو بچا لیا۔ اس

طاعون اور وبا کا علاج

علاج:

بعض احادیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

> ''طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم'' صحت و علاج کے حوالے سے ایک خاص اور نمایاں موضوع ہے۔ مضامین کا یہ سلسلہ قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کے حوالے سے راہنمائی کرے گا۔

طاعون ایک قسم کا عذاب ہے جو بنی اسرائیل اور گزشتہ امتوں پر بھیجا گیا تھا اس لیے جب آدمی کو معلوم ہو کہ فلاں جگہ طاعون یا وَبا نازل ہوئی ہے تو اس جگہ نہیں جانا چاہیے اور اگر وبا اس جگہ نازل ہو جس جگہ وہ رہتا ہو تو وہاں سے بھاگے نہیں۔

فائدہ:

حدیث کا مفہوم ہے کہ وبا بھی ایک طرح کا عذاب ہے جو گناہوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے، جب معلوم ہو کہ فلاں شہر میں وَبا ہے وہاں پر نہیں جانا چاہیے کیونکہ قصداً اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا جائز نہیں ہے۔ اگر اس جگہ وَبا آئے جس جگہ تم رہتے ہو تو وہاں سے بھاگنا نہیں چاہیے۔ کیونکہ تقدیرِ الٰہی سے بھاگنا بھی بہتر نہیں ہے بلکہ بعض احادیث میں ہے کہ وبا سے مرنا ہر مسلمان کے لیے شہادت ہے اور بعض احادیث کا مضمون ہے کہ طاعون اور وبا، شیطان اور جنات کا نشتر ہے یعنی جنات انسان کے جسم میں

نشتر یعنی کونچا لگاتے ہیں جس کی وجہ سے انسان کے جسم میں زہر پھیل جاتا ہے اور انسان مرنے لگتے ہیں۔

فائدہ:

اطباء کے نزدیک وبا کی حقیقت یہ ہے کہ ہوا زہریلی اور خراب ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے جسم انسانی میں زہر دخل ہو کر پھیل جاتا ہے اور لوگ مرنے لگتے ہیں۔ اس حدیث اور اطباء کی رائے میں لوگوں نے اس طرح تطبیق دی ہے کہ وبا کبھی تو ہوا کے زہر کی وجہ سے آتی ہوگی اور کبھی جنات کے کونچا دینے سے۔

لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وبا کا ایک سبب بتایا ہے جس کا تعلق وحی سے ہے (اور جو عقل سے بلند چیز ہے) یعنی وبا جنات کے اثر سے آتی ہے۔ دوسری وجہ جو اطباّ نے بیان کی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ذکر نہیں فرمایا۔ واللہ اعلم۔

اور بعض علماء نے اس سلسلے میں یہ جواب دیا ہے کہ وبا اگر ہوا زہریلی ہونے کی وجہ سے آتی ہے تو پھر کوئی بھی جاندار زندہ نہ رہتا کیونکہ ہوا کا اثر تو ہر جاندار پر ہوتا ہے۔ لیکن مشاہدہ یہ ہے کہ وبا سے سب جاندار نہیں مرتے بلکہ بعض مرتے ہیں اور بعض نہیں مرتے۔ اس بات سے معلوم ہوا کہ ہوا کے فساد کی وجہ سے وبا نہیں آتی بلکہ حقیقت وہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی کہ جنات کے کونچہ سے ہی وباء آتی ہے اس پر کوئی یہ اعتراض کرے کہ اللہ تعالیٰ کی اس میں کیا حکمت ہے کہ وبا لانے کے لیے جنوں کو ہی مقرر کیا اور کوئی دوسری چیز مقرر نہیں فرمائی تو اس کا جواب یہ ہے کہ وبا جب آتی ہے تو اکثر گناہوں کی وجہ سے آتی ہے۔ خصوصاً حرام کاری اور زنا کے سبب سے زیادہ آتی ہے اور انسان کی عادت ہے کہ ان گناہوں کو بر سرِ عام نہیں بلکہ لوگوں سے چھپ کر کرتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان پر دشمن بھی چھپے ہوئے یعنی جنات کو مسلط کیا ہے اور اگر کوئی شخص کہے کہ حرام کام تو چند ہی لوگ کرتے ہیں تو پھر ساری بستی اور شہر پر کیوں نازل ہوتی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ کشتی کو ایک ہی آدمی ڈبوتا ہے جس کی وجہ سے سارے کشتی سوار ڈوب جاتے ہیں۔ اگر سب لوگ ڈبونے والے کو منع کریں تو کشتی بچ جاتی ہے۔ اسی طرح بستی اور شہر کے لوگ گنہ گار کو گناہ کرنے سے روکیں تو وہ گناہ سے بچ سکتا ہے، اور اس کی وجہ سے بستی عذاب سے بچ سکتی ہے اور حدیث شریف میں یہ جو فرمایا ہے کہ جس جگہ وبا ہو اس جگہ مت جاؤ

اور اگر تمہاری جگہ پر وبا آ جائے تو وہاں سے مت بھاگو۔ اس کے متعلق اگر کوئی کہے کہ منع کرنے کی کیا ضرورت تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ جان بوجھ کر ایسی جگہ جانا جہاں وبا ہو اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے جس کے متعلق حق تعالیٰ نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے سے منع فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

لا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ

یعنی اپنے تئیں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

اسی لیے ایسی جگہ جانے سے منع فرمایا گیا۔

اور یہ جو ارشاد ہے کہ جس جگہ وبا ہو وہاں سے بھاگو بھی نہیں تو اس میں یہ حکمت ہے کہ وباؤں سے بہت سے لوگ بیمار ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں اگر بھاگنا درست ہوتا تو تندرست لوگ سب بھاگ جاتے اور بیمار اُن کے پیچھے تڑپتے رہ جاتے، کیونکہ ان کا کوئی خدمت کرنے والا نہ رہتا۔

دوسری حکمت اس میں یہ ہے کہ صبر و توکل کی عادت ہو جائے کہ کوئی تکلیف ہو جائے تو برداشت کی قوت پیدا ہو۔

تیسری حکمت اس میں یہ ہے کہ اگر کوئی شخص وبا کی جگہ سے بھاگ کر دوسری جگہ چلا جاتا ہے اور وہاں وہ بچ جاتا ہے تو اس کو یہ یقین ہو جاتا کہ میں اگر وہاں سے نہ بھاگتا تو میں بھی ان کے ساتھ ہلاک ہو جاتا۔ اور یہ عقیدہ ایسا ہے کہ اس سے آدمی شرکِ خفی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمہیں آ گھیرے گی اس سے معلوم ہوا کہ وبا کی وجہ سے بھاگنے میں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ بعض علماء نے کہا ہے کہ وبا کی وجہ سے بھاگنے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے منع فرمایا ہے کہ وبا کی حالت میں زیادہ حرکت کرنا از رُوئے طب درست نہیں ہے۔ چنانچہ

روحانی مشورے

اب تک اس کے تین ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا مفید ثابت ہوگا۔ یہ کتاب آپ کو بازاری عاملوں سے بچانے، بہتر اور درست راہنمائی کرنے کا باعث ہوگی۔ اس کتاب میں انسانی زندگی سے متعلق قریباً ایک ہزار امور و مسائل کے حل کے بارے میں اسماء الحسنیٰ کے حوالے سے آسان اور مجرب اعمال کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ اعمال ایسے ہیں کہ علم عملیات کے بنیادی اصولوں سے نابلد فرد بھی توجہ دینے سے ان سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب درج ذیل حصوں پر مشتمل ہے۔

1) روحانی مشورے و اعمال 2) برکات بسم اللہ
3) حروف کی روحانی و عملیات تفسیر و تاثیر
4) بخاری اور ترمذی سے رسول ﷺ کی دعائیں اور روحانی علاج
5) استخارے اور اسم اعظم جیسے امور بھی اس کتاب میں زیر بحث آئے ہیں۔

اطباء نے لکھا ہے جو شخص وَبا سے محفوظ رہنا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ وبا کے دنوں میں غذا کم کھائے اور جسم کی زائد رطوبات کو کسی تدبیر سے خشک کرے اور ریاضت و غسل سے پرہیز کرے، کیونکہ خراب فضلات اس سے جوش میں آتے ہیں اس لیے ان دنوں میں سکون و آرام سے رہے تاکہ زیادہ حرکت کی وجہ سے فضلات جوش میں نہ آئیں اور یہ وباء سے بچا رہے اس سے ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ کا منع کرنا بھی وبا کے علاج میں سے ایک علاج ہے۔ گویا اس حدیث شریف میں جسمانی، روحانی دو علاج بتائے گئے ہیں۔ رُوحانی علاج تو صبر و توکل ہے۔ اور جسمانی علاج حرکت نہ کرنا اور سکون سے رہنا ہے۔ واللہ اعلم۔

اور معلوم ہونا چاہیے کہ وبا میں شہادت کا درجہ اس لیے ہے کہ یہ بھی کافر جنات سے جہاد ہے۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ وبا تمہارے دشمن جنات کا کونچا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وبا لانے پر شیاطین مقرر ہیں اور جو جنات مسلمان ہیں وہ ہمیں نہیں ستاتے۔ جس طرح مسلمانوں کو کافر انسانوں سے جہاد میں بھاگنے کا حکم نہیں، اسی طرح کفار جنات سے بھی بھاگنے کو منع کیا ہے، اور یہ سب ہی جانتے ہیں کہ جہاد میں مرنے والے کو شہادت کا بلند مرتبہ دیا جاتا ہے۔ اسی طرح وَبا میں مرنے والے کو بھی شہادت کا درجہ دیا جائے گا۔ وَبا کیونکہ گناہ ہونے کی وجہ سے آتی ہے اور گناہ آدمی سے شیاطین کرواتے ہیں اس لیے وَبا لانے پر بھی شیاطین ہی کو مقرر کیا گیا تاکہ جن کے کہنے سے گناہ کرتے ہیں، انہی کے ہاتھوں ان کی ہلاکت بھی ہو تاکہ لوگوں کو اچھی طرح معلوم ہو جائے کہ جو شخص کسی کے کہنے سے اپنے اللہ کی نافرمانی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسی کو اس پر مسلط فرما دیتا ہے اور اسی کے ہاتھوں نافرمان کو ہلاک کر دیتا ہے۔

اس لیے گناہوں سے حتی الامکان بچنا چاہیے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جس قوم میں زنا رواج پا جائے تو اس قوم میں موت عام ہو جاتی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وبا کو دور کرنے کا بڑا علاج توبہ و استغفار کی کثرت ہے اور سکنجبین و گلاب کے شربت کی بجائے دعا کا شربت پینا چاہیے۔ حدیث میں ہے کہ جو شخص استغفار اپنے اوپر لازم کرلے گا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو ہر غم اور دکھ سے نجات عطا فرمائے گا۔ بعض احادیث میں ہے کہ نازل شدہ بلائیں اور جو بھی نازل نہیں ہوئیں وہ سب بلائیں دعا سے ٹل جاتی ہیں۔ وبا کے دنوں میں صدقات و خیرات زیادہ کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے کہ خیرات حق تعالیٰ کے غصہ سے بچاتی ہے۔ ان دنوں میں آلو بخارہ کے دانوں کی جگہ سبحان اللہ کے دانوں کو منہ میں رکھے۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ سبحان اللہ کہنا اللہ کے عذاب سے محفوظ رکھتا ہے۔

اطباء نے کہا ہے کہ وبا کے زمانہ میں عطر، عنبر، مشک وغیرہ کا سونگھنا بہت مفید ہے جبکہ علماء نے کہا ہے کہ عطریات کے جگہ ان دنوں میں درود شریف کی کثرت کرے تو اس کے حق میں زیادہ مفید ہے۔ حدیث میں ہے کہ درود شریف غم کو دور کر دیتا ہے۔ درود شریف کے علاوہ **لاحول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** کو بھی لازم سمجھے، کیونکہ حدیث میں ہے کہ لاحول ایک سو بیماریوں کی دوا ہے۔ ان دنوں میں نمازیں بھی خوب پڑھنا چاہیں، کیونکہ حدیث میں ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی غم پیش آتا تو نفل نماز کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور ان دنوں میں کافور کی بجائے تقویٰ کی بُو سونگھا کر، تاکہ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ تمام وباؤں سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

یہ علاج جو اوپر ذکر ہوئے یہ تو رُوحانی اور اصلی علاج تھے۔ لیکن تھوڑے سے جسمانی علاج بھی از روئے طب بیان کیے جاتے ہیں:۔

جاری ہے:.......

51

طلسمی جواہرات

نیلم

کسی بھی پتھر یا جواہر کے اصل ہونے یا جو نام اس کو دیا جا رہا ہے وہی ہونے کی حقیقی تحقیق تو جواہرات کا کام کرنے والا ہی کر سکتا ہے۔ عام طور پر لوگ اِس حوالے سے جوہری یعنی سونے کے زیورات کا کام کرنے والے سے رجوع کرتے ہیں کہ جو بالکل بے فائدہ اور بے مقصد ہے۔ یہ لوگ بھی عام لوگوں کی طرح ہوتے ہیں اور جواہرات کی شناخت کے معاملے میں اِن پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ زیورات کا کام کرنے والے بھی جوہری کہلاتے ہیں، اس لیے یہ دھوکہ ہوتا ہے۔

جیسے جیسے دنیا ترقی کرتی جا رہی ہے دو نمبر کے پتھر و جواہر بنانے کا کام بھی ترقی کر گیا ہے۔ پہلے تو لوگ ذاتی حیثیت میں جعل سازی کرتے تھے اب اس کے لیے با قاعدہ لیب اور فیکٹری وغیرہ وجود میں آ گئے ہیں بلکہ کئی ممالک میں تو با قاعدہ طور پر یعنی قانونی طور پر اصل جواہر کی نقل تجارتی طور پر تیار اور فروخت کی جاتی ہے۔ سو حتمی طور پر اس حوالے سے کچھ کہنا ممکن نہیں۔ تاہم اس مضمون کا اصل مقصد یہ ہے کہ قارئین کو ایسی معلومات فراہم کرنے کی کوشش کی جائے جس کے تحت وہ ممکنہ دھوکہ سے محفوظ رہ سکیں۔

کسی بھی جواہر کی خرید کے وقت ذیل میں تحریر کردہ امور کو مدنظر رکھنا عام طور پر دھوکہ دہی سے بچنے کا باعث ہوگا:-

-1 قیمت
-2 سائز اور قیمت
-3 رنگت
-4 چمک دمک
-5 ساخت

1) قیمت

ایک عام اور نفسیاتی سا امر ہے۔ عموماً جب قیمتی جواہرات کی نقل بنائی جاتی ہے تو بازار میں کم قیمت پر فروخت کی جاتی ہے۔ سوا گر قیمتی پتھر مثلاً ہیرا، یاقوت، پکھراج یا دیگر کوئی بھی قیمتی پتھر سستے داموں مل رہا ہے تو جان لیں

"پتھر اصل ہے یا نقل"

اس کے اصل ہونے میں شبہ ہے۔

اصل پتھر کم قیمت پر درج ذیل صورتوں میں ہی مل سکتا ہے۔

-- فروخت کنندہ کو رقم کی ضرورت ہو اور اس لیے سستا فروخت کر رہا ہے، لیکن ایسا ہوتا نہیں۔ کیونکہ جوہری بھوکا تو مر سکتا ہے پتھر سستا فروخت نہیں کر سکتا۔ اس کے لیے یہ بھی موت ہے۔

-- فروخت کنندہ کے پاس چوری یا فراڈ کا مال ہے۔ جس کو جلد از جلد نکالنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

-- پتھر دو نمبر کا ہے۔ اصل نہیں۔

-- پتھر میں کوئی ایسی ذاتی یا خاصی ہے جو عام فرد کی سمجھ سے برتر ہے۔

2) سائز اور قیمت

کوئی فرد جب قیمتی جوہر یا پتھر جو دیکھنے میں بڑا یا وزن میں زیادہ ہے اس کو عام قیمت سے کم پر دے رہا ہے تو بھی آپ کو محتاط ہو جانا چاہیے، پتھر اصل اور سائز میں بڑا ہو تو اس کی قیمت اِسی کوالٹی کے چھوٹے پتھر سے بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ یعنی پتھروں کی قیمت کے حوالے سے اصول یہ ہے کہ ایک ہی کوالٹی، رنگ، روپ اور نسل کے پتھر ہوں تو چھوٹا سستا اور بڑا کافی

مہنگا ہوگا۔ پتھروں کے کام میں سبزی والا معاملہ نہیں ہوتا کہ زیادہ لیں تو سستی ہو جائے گی۔ پتھر بڑا ہوتا جائے گا تو بغیر کسی نسبت تناسب سے اس کی قیمت بڑھتی جائے گی۔ کچھ دن قبل ایک صاحب آئے کہ مالی حالات کی تنگی کا شکار ہوں، حل بتائیں۔ جناب کی انگلیوں میں دو عدد پتھر تھے جو کم و بیش پونے انچ سے انچ کے درمیان سائز کے تھے، میں نے ان سے پوچھا جناب کیا آپ کو پتھروں کی پہچان ہے اور یہ جو پتھر آپ نے پہن رکھے ہیں ان کی نوعیت کیا ہے؟ سائل نے جواب دیا کہ یہ دونوں پتھر میں نے ایک صاحب اعتماد سے خرید کیے ہیں۔ ایک نیلم اور دوسرا پکھراج ہے۔ ان میں سے ایک ''ایک ہزار'' اور دوسرا ''بارہ یا تیرہ سو'' کا ہے۔

اب دیکھیں ان معاملات میں پتھر کی پہچان کی ضرورت ہی نہیں۔ عقل سلیم اگر ہے، تو یہی کافی ہے۔ اصل نیلم جو شفاف بھی ہو اور سائز میں اس قدر بڑھا ہو آج کے دن اوپر لکھی قیمت سے دس گنا کا بھی ملے تو اصل نہیں ہوگا۔ سو کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں جن کا تعلق عقل یا عام سمجھ بوجھ کے ساتھ ہوتا ہے۔ سو معاملات طے کرتے ہوئے عقل کو حاضر رکھنے کی کوشش کریں۔

3) رنگت

رنگت کے حوالے سے دو امر بہت اہم ہیں ایک تو پتھر کی اصل رنگت ہے دوسرا آج کل ایک سسٹم چلا ہوا ہے جو کہ ہے تو پرانا لیکن از سر نو یہ فراڈ ہو رہا ہے۔ اس میں پتھر کا اصل رنگ تو کچھ اور یا ملا جلا ہوتا ہے، لیکن اس پر اصل جواہر کا رنگ چڑھا دیا جاتا ہے اور یوں تمام کا تمام پتھر یک رنگ اور یک جان نظر آتا ہے اور بلحاظ قیمت و نوعیت غیر معمولی حیثیت کا حامل ہو جاتا ہے۔

بطور مثال زمرد کو لیں۔ عام طور پر یا سستے زمرد میں ایک پتھر میں بہت سے رنگ ہوتے ہیں جو سفید مائل سبزی سے لے کر سبز، گہرا سبز اور سیاہی مائل سبز تک ہوتے ہیں۔ ایک ہی پتھر کے اندر اتنے رنگ پتھر کو بدنما اور انتہائی کم قیمت بنا دیتے ہیں۔ اس کا آسان حل بعض لوگوں نے یہ نکالا ہے کہ اس پر سبز رنگ چڑھا دیا اور یوں تمام پتھر ایک رنگ کا ہو گیا۔ تاہم اس طرح کا رنگ اگر بہت زیادہ مہارت سے نہ کیا گیا ہو تو دیکھنے میں خوشنما نہیں لگتا اور اگر ایک دفعہ بھی اصل پتھر دیکھا ہو تو اس کو پہچان کرنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ یہ صرف زمرد کی کہانی نہیں تمام پتھروں کے ساتھ یہ دو نمبری کی جاتی ہے۔

اس کام میں مہارت کے بہت زیادہ معیار ہیں اور ماہر ترین افراد عام شیشے کو بھی رنگ کر قیمتی پتھروں کی شکل دے دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ نیلم جیسا قیمتی پتھر بھی شیشے کو رنگ دے کر بنایا جاتا ہے۔

اس کاریگری کی ایک قسم یہ ہے کہ بنیاد کے طور پر اصل پتھر سے ملتا جلتا سستا پتھر لے لیا جاتا ہے اور اس کو رنگ کر قیمتی پتھر کی شکل میں ڈھال دیا جاتا ہے، ماہیت کی یہ تبدیلی ہزاروں سے لاکھوں روپے کا فرق ڈال سکتی ہے اور معمولی نوعیت کے دھوکے سے لے کر نا قابل برداشت دھوکے کا باعث بن جاتی ہے۔

پتھروں کے رنگوں کے حوالے سے ایک اور بات جو قابل ذکر ہے وہ ان کے اصل رنگ اور اصل رنگ سے فرق کسی نایاب رنگ کے باعث قیمت میں فرق کا باعث بنتی ہے۔

بطور مثال دیکھیں پکھراج کو عام طور پر کرسٹل خیال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح مون سٹون کو سفید دودھیا تحریر کیا جاتا ہے، حالانکہ پکھراج کے بھی کئی رنگ اور دیگر پتھروں کے بھی متعدد رنگ ہیں۔ اب پکھراج کو ہی لے لیں۔ پنک رنگ کا پکھراج یا نیلے رنگ کا پکھراج عام پکھراج سے کافی قیمتی ہوتے ہیں۔ لیکن جعل ساز عام پکھراج کو رنگ کر پنک رنگت دے کر اس کو فروخت کر دیتے ہیں۔ سو عام رنگ کی بجائے کسی خاص رنگ کا جواہر خریدتے ہوئے حد درجہ محتاط رہنا چاہیے۔ کیونکہ ان کے اندر دھوکہ دہی کا خطرہ نسبتاً زیادہ ہوتا ہے۔ یعنی جتنا غیر معمولی رنگ ہوگا اتنا دو نمبر مسئلہ سامنے آنے کا اندیشہ ہوگا۔

4) ساخت چمک دمک

اصل جواہرات میں سے کچھ ایسے ہیں جو کہ خاص چمک دمک نہیں رکھتے اور کچھ ایسے ہیں جو چمک دمک رکھتے ہیں۔

لیکن مارکیٹ میں ایسے دو نمبر کے پتھر ہیں جو دیکھنے میں، دل موہ لینے والے، حیران کن یا زبردست چمک دمک لیے ہوئے ہوتے ہیں اور دیکھنے میں اصل پتھر سے بھی اچھے لگتے ہیں۔ سو پتھر خریدتے ہوئے فیصلہ صرف اس کی چمک دمک پر نہیں کرنا چاہیے اور اگر اس میں سے کوئی خاص چمک دمک نکل رہی ہے تو پھر اس کو قیمتی سمجھ کر خریدنے سے قبل اس کے نقل ہونے کے بارے میں ضرور سوچیں۔ لالچ یا پتھر کا خوشنما لگنا ہی کافی نہیں بلکہ دھوکہ دہی کی طرف ایک دل و دماغ پر غالب آنے والا فعل ہے۔

کیا نقلی پتھر مفید ہے؟

ایک سوال اور سامنے آتا ہے کہ کیا ایسا نقلی پتھر جو اصل کی ہو بہو تصویر

ہو فائدہ مند ہوسکتا ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جو خواص اصل پتھر کے ہیں وہ نقل کے نہیں ہو سکتے۔ اس لیے نقلی پتھر کی بجائے ہمیشہ اصل پتھر استعمال کرنا چاہیے اور اگر زیادہ قیمتی پتھر خریدنے کی اجازت جیب نہ بھی دے تب بھی نقل پتھر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ ہلکی یا کم قیمت کا یا کم درجے کا پتھر استعمال کرلینا چاہیے جو ہو اصل۔

اگر اصل ہو لیکن اعلیٰ درجے کا نہ ہو تب بھی اس کے اثرات ہوں گے۔ گو اثرات کی طاقت وہ نہیں ہوگی جو اعلیٰ قسم کے جوہر کی ہوگی۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ اس کے اثرات ہوں گے اور وہ مفید بھی ثابت ہوگا۔

نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے پلاسٹک یا چیز رنگ کر کے پہن لی۔ فیشن یا خوش نمائی کی حد تک تو ٹھیک ہے۔ لیکن بالحاظ اثرات اس کے بے فائدہ ہونے میں کوئی شک نہیں۔

جواہرات کے حوالے سے اس طرح کے چند اور موضوعات ہیں جن کا احاطہ کرنا قارئین کے آنے والے سوالوں کی روشنی میں ضروری ہے۔ سو ”راہنمائے عملیات“ پڑھتے رہیں اور معلومات کے خزانوں سے مستفید ہوتے رہیں۔

جناب عکرمہؓ

عکرمہؓ کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا اور انہوں نے کہا ”اے اللہ کے رسول ﷺ اللہ کی قسم! آج سے پہلے اللہ کی راہ سے اللہ کے بندگان کو باز رکھنے کے لیے جتنا مال میں خرچ کرتا ہوں، اب آج کے بعد سے اللہ کی راہ میں اس سے دگنا خرچ کروں گا، اور آج سے پہلے اللہ کے دین سے روکنے کے لیے جتنی قوت سے لڑتا رہا، آج کے بعد سے اس سے دوگنی طاقت کے ساتھ اللہ کی راہ میں لڑوں گا“۔

اس روز مسلمانوں کی جماعت میں ایک ایسے شخص کا اضافہ ہوا جو میدان کارزار میں ایک شیر دل شہسوار اور مسجدوں میں ایک عابد شب زندہ دار اور قاری قرآن تھا۔ وہ قرآن کریم کو اپنے چہرے پر رکھ کر اللہ کے خوف سے روتے ہوئے بڑے والہانہ انداز میں کہتے ”کتاب ربی.... کلام ربی“۔

رومیوں کے خلاف معرکہ یرموک میں تلوار کی نیام توڑ کر پھینک دی اور ننگی تلوار لے کر ان کی صفوں میں گھس گئے۔ یہ دیکھ کر جناب خالد بن ولیدؓ نے فوراً ان کے پاس پہنچ کر کہا ”عکرمہ! ایسا نہ کیجیے۔ اپنی جان کو خطرے میں نہ ڈالیے۔ آپ کا قتل ہوجانا مسلمانوں کے لیے ناقابل برداشت اور ناقابل تلافی سانحہ ہو گا“۔ لیکن جناب عکرمہؓ نے ان سے کہا ”خالد! ہٹ جاؤ۔ میرا راستہ نہ روکو۔ صحبت رسول ﷺ سے استفادہ اور خدمت اسلام میں تم کو میرے اوپر سبقت حاصل ہے۔ میں اور میرا باپ رسول اللہ ﷺ کے کٹر مخالف تھے اور میں آخر دم تک اس مخالفت پر قائم رہا، اس لیے صحبت رسول ﷺ کا شرف میرے حصے میں بڑی تاخیر سے آیا۔ مجھے چھوڑ دو۔ آج میں گذشتہ کوتاہیوں اور محرومیوں کی تلافی کرلینا چاہتا ہوں... پھر قدرے توقف کے بعد فرمایا ”میں بہت سے مواقع پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جم کر لڑا۔ کیا آج رومیوں کے مقابلے میں راہ فرار اختیار کرلوں؟ ایسا کبھی نہیں ہو سکے گا“۔ پھر انہوں نے مسلمانوں کو پکارا ”موت پر کون بیعت کرتا ہے؟“۔

ان کی پکار پر تقریباً چار سو مسلمانوں نے بیعت کی۔ اور خونریز جنگ کی۔ آخر جب مسلمانوں کی عظیم الشان فتح کا آفتاب طلوع ہوا تو یرموک کی زمین پر تین مجاہد زخموں سے چور پڑے تھے۔ شدت تشنگی سے بے تاب جناب حارثؓ نے پانی مانگا۔ پانی ان کو پیش کیا جارہا تھا، جناب عکرمہؓ نے ان کی طرف دیکھا۔ جناب حارثؓ نے پہلے ان کو پانی پلانے کا اشارہ کیا اور جب پانی ان کے پاس لے جا گیا تو جناب عیاشؓ نے اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا۔ جناب عکرمہؓ نے اشارہ کیا کہ پہلے ان کی پیاس بجائی جائے اور جب پانی پلانے والے ان کے قریب گئے تو دیکھا کہ وہ اس سے بے نیاز ہو چکے ہیں۔ جب وہ پلٹ کر پہلے دونوں صحابیوں کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ وہ لوگ بھی آب کوثر سے اپنی پیاس بجھا چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان سب لوگوں سے راضی ہو اور انہیں حوض کوثر سے اس طرح سیراب کرے کہ اس کے بعد انہیں تشنگی محسوس نہ ہو اور انہیں جنت الفردوس کی سرسبزی و شادابی مرحمت فرمائے۔ آمین۔

56

زحل کی انگلی

دست شناسوں کے لیے یہ انگلی ہمیشہ سے درد سر کا باعث رہی ہے۔ شاید ہی جسم کے کسی اور حصے کے بارے میں بیان کرنے میں اس قدر دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہو۔ دست شناسی کے مصنفین نے روایتی دست شناسی کی تشریح کے خلاف اس لیے کچھ نہیں لکھا، بلکہ چپ سادھ رکھی ہے کیونکہ خود ان کے پاس اس مفہوم کے علاوہ کوئی تسلی بخش جواب موجود نہیں ہے۔

خون، بجلی کی کڑک، چمک اور تمام شیطانی پیشن گوئیاں زحل کے گرد حصار کی طرح جمع کر دی گئی ہیں۔ اس طرح خود زحل کی خاصیت اور کردار ملفوف ہو کر رہ گیا۔

حتیٰ کہ (Heron-Allen) نے بھی اس کا بھیانک، سنسنی خیز اور ڈرامائی قسم کا تاثر برقرار رکھتے ہوئے کہا ہے۔

''اگر انگشت زحل کی پہلی پور لمبی ہو تو توہم پرستی اور غم والم کی علامت ہے۔ اگر یہ پور بہت ہی زیادہ طویل ہے تو موت کی طرف غیر صحت مندانہ رجحان کو ظاہر کرے گی!

ایک ایسے کمزور ہاتھ میں جس کا انگوٹھا چھوٹا ہو، یہ خودکشی کی مظہر ثابت ہوگی۔ اگر دوسری پور باقی پوروں کی مناسبت سے طویل ہے تو اس سے زرعی اور مشینی قسم کے پیشے کی جانب ذہنی رجحان اور اگر جوڑ نمایاں ہوں تو علم حساب اور سائنسی سے محبت ظاہر ہوتا ہے۔


انگلی ہموار ہو تو اس دوسری پور کا نمایاں ہونا پُراسرار علوم کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے جبکہ تیسری پور انتہائی لمبی اور بڑی ہو تو طمع و لالچ کا اظہار ہوتا ہے''۔

اس مضمر مفہوم کی وضاحت بڑا ہی پیچیدہ کام ہے لیکن قدیم نظریے سے یہ چیز سامنے آتی ہے کہ زحل کا ''غیر صحت مندانہ سیارہ'' آدمی میں شیطانی خصوصیات پیدا کرتا ہے۔

انگشت زحل کے اصل مفہوم کو سمجھنے کے لیے ہمیں ماضی کے جھروکوں

آپ کی انگشت زحل کیا کہتی ہے؟

میں جھانک کر اس سیارے کو نجوم سے متعلق اس کے لوازمات کے ساتھ انفرادی طور پر دیکھنا ہوگا۔




اٹلی کے لوگ جب غیر مہذب اور وحشی تھے اس وقت ان کی دیومالا میں زحل کو (Coelus) اور Gaia (زمین کی دیوی) کا بیٹا سمجھا جاتا تھا۔ اس دور میں زحل ایک عملی اور منفعت بخش دیوتا کے رُوپ میں ظاہر ہوا اور اس کے دور حکومت کو مسرتوں اور سکون کے سنہری دور کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ زحل کی یہ تصویر کیرونوی کے موجودہ مفہوم کی ناخوش گوار تصویر سے گہرا تعلق رکھتی ہے کیونکہ انگشت زحل توازن اور ہم آہنگی کی انگلی تصور کی جاتی ہے۔

ہاتھ کا ابتدائی تجزیہ کرتے وقت ہم نے دیکھا تھا کہ زحل کی انگلی ہاتھ کے اس درمیانی حصے میں واقع ہے جس کا تعلق شعوری اور لاشعوری پہلوؤں سے ہے۔ یہ ایک اہم بات ہے کہ غیر معمولی حد تک طویل انگشتِ زحل غیر

57


معمولی ذہین افراد کے ہاتھ میں ہی دکھائی دیتی ہے۔اس کے علاوہ اس انگلی سے کسی فرد کی اُس ذہانت کا علم ہوتا ہے جو اپنی خشکی کے باعث اُسے دنیا سے الگ تھلگ کر دیتی ہے۔ایک ایسا دانش فروش جو ماضی کی تاریخ کی جزیات تک سے آگاہ ہوتا ہے، حال سے بے نیازی کے سبب محفوظ طریقے سے سڑک کو بھی پار نہیں کر سکتا۔

جہاں انگشت زحل دکھائی دیتی ہے وہ دو دنیاؤں کا مقامِ اتصال ہے۔ باالفاظِ دیگر اسے توازن کی انگلی کہا جا سکتا ہے۔ اس صورت حال میں، ایک مفکر کی حد تک اس انگلی کو انا اور جبلی تحریر (فطری جذبہ) کے درمیان ایک ریفری کی حیثیت حاصل ہے، جو کہ ایک سنتری کی طرح کھڑا پورے ہاتھ کے معاملات کی نگرانی کر رہا ہے۔



مندرجہ بالا مثال میں ذہانت کے اس غیر معمولی عمل سے اس شخص کی پوری زندگی عدم توازن کی حالت میں مبتلا ہو جاتی ہے۔اس طرح نا قابلِ گرفت معاملات جنم لینے لگتے ہیں۔

عام طور سے طویل انگشت زحل عدم توازن کی حالت کو ظاہر کرتی ہے۔غیر معمولی حد تک طویل زحل کی انگلی جسے اگر میں نے دیکھا ہے تو فکر و عمل میں تضاد کے مریض ہی کے ہاتھ میں دیکھا ہے۔لیکن اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہیے، کیونکہ غیر متوازن حالت شاذ ہی اس قدر طاقتور



ہوتی ہے۔

مختصر انگشت زحل (شکل نمبر-3) عام طور سے ایسے افراد کے ہاتھ میں دکھائی دے گی جو غیر معمولی ذہانت کی بجائے وجدانی کیفیت کے حامل ہوتے ہیں۔آرٹسٹ قسم کے لوگ اس کی مثال ہیں۔خصوصی طور پر یہ بات اور بھی مسلم ہو جاتی ہے جبکہ اس انگلی کا سرا بھی نوکدار ہو۔

زحل کا تعلق آنتوں کی خرابی سے بہت گہرا ہے، عام طور سے یہ خرابی صفرے کی زیادتی کے باعث پیدا ہوتی ہے۔ان داخلی امراض کے لیے Spier نے خارجی نشانیاں ظاہر کی ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

زیریں پور خاص طور سے موٹی اور بالائی پور کا جھکاؤ اپالو کی انگلی کی جانب ہو تو یہ داخلی امراض خاص طور سے لاحق ہوتے ہیں۔یہ دونوں ہی علامتیں آنتوں کی خرابیوں کا رجحان ظاہر کرتی ہیں۔ان سے بذات خود بیماری کا اظہار نہیں ہوتا۔

☆☆☆☆☆